الغرض پنڈت جی کو خنجر لگا کر اس بات کا کافی ثبوت دیا کہ اسلامیہ دھرم کی بنیاد فریب چال اور دھوکا دہی ہے اس نے اس بات کا کافی ثبوت دیدیا کہ جیسا اسلامی مذہب کے خدا نے حضرت محمد صاحب کو بچانے کے لئے اس غار کے اوپر جہاں حضرت جا چھپے تھے۔ مکڑی کا جالا تان دیا تھا تاکہ محمد صاحب کے متلاشی سمجھ لیں کہ ایسی غار میں جہاں تک عنکبوت کا جالا لگا ہوا ہے کوئی فرد بشر نہیں رہ سکتا۔ جب یہہ محمدی خدا کی چالبازیاں ہیں نہ صرف یہہ بلکہ اسلامیہ خدا کی پرلے درجہ کی شرارتیں چالیں اور روبہ سازیاں ہم ایک الگ کتاب میں مفصل طور پر دکھلا دینگے جب حضرت خدا کا یہہ حال ہو تو اس کے چیلوں۔ سرکاروں اور ماننے والوں کی حالت کیوں ویسی نہو۔

(۴) پنڈت جی نے اسبات کا ثبوت اپنے کرتب سے دیدیا ہے کہ اسلامیہ مذہب کے پاس پنڈت جی کو فتح کرنے کے لئے قرآن کی دلیل۔ حدیث کی طاقت۔ قرآنی خدا کی علمیت۔ سائنس فلسفہ اور سمجھ کافی نہیں ہے۔ پنڈت جی کے قاتل اور قتل کی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سازش کرنے والے جب اُس کے مقابلہ میں کسی طرح سے اپنے الہام اور خداوند پیغمبر کی طاقت کو نہ دکھلا سکے تو اُن کو کرنہ ہتھیاروں پر اُترنا پڑا۔

(۲) پنڈت جی کی شہادت نے اس بات کا ثبوت دیدیا کہ آریہ سماج کا مشن ویدک دھرم کے مخالفین کو تلوار یا جہاد کی دھمکی سے آریہ سماج کی طرف لانا نہیں بلکہ اُنکو منتر کی گناہ سے دیکھتے ہوئے بذریعہ ایشوری گیان کی مہربانی کے قابو فتح کرنیکا ہے۔ اُن کی سختیوں و دشنام دہی اور دھمکیوں کو سہتے ہوئے بھی اُن کو وید روپی امرت پلانا ہے۔

پس جو نتائج کہ پنڈت جی کی شہادت سے ظہور میں آئے ہم اُن کو سچے قلم بند کرکے پبلک پر ظاہر کرتے ہیں کہ جو ایشوری مارگ پر چلنے والے پرش ہوا کرتے ہیں وہ نہ صرف حین حیات میں اپنے ست کا نتیجہ دکھلا کر لوگوں پر اپنا اثر جماتے ہیں بلکہ مرتے سمیں بھی اُن کے آخری دم تک پبلک کے لئے مفید ہوتے ہیں۔ اُن کے اُکھڑے ہوئے سانس بھی دلوں کو چیر کر اپنا حلقہ بگوش بناتے ہیں۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سماج

(۱) جہاں ایک طرف پنڈت لیکھرام جی کی شہادت نے آریہ سماج سے ایک لہلہاتا ہوا پودا چھین لیا وہاں آریہ سماج کو اپنے مشن کے تکمیل کرنے کے لیے چوکنا۔ یعنے اب آریہ سماج اس کام کے لیے مستعد ہے کہ ایک ایسی کلاس کھولی جاوے جس میں چند اُپدیشک قرآن حدیث و دیگر اسلامیہ کتب کو تدریس کرے۔ اور شدھ سے اسلامیہ تھیالوجی کا کھنڈن کریں اور اہل اسلام پر ظاہر کر دیں کہ وہ تلوار کے زور سے اب اپنے مذہب کی جے نہیں لے سکتے بلکہ ویدک فلاسفی کے آگے انکو بہت جلد سر جھکانا پڑیگا۔ اگر آریہ پرتی ندھی سبھا پنجاب نے اس کام کو سمپورن کیا تو پنڈت جی کی شہادت کا یہ بہت عمدہ نتیجہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نکلا اور نکلے گا۔

(امر دوم) پنڈت جی کی شہادت اور وصیت نے آریہ
کو سبق سکھلا دیا کہ آریہ سماج کی ہستی تب ہی قایم رہیگی جبکہ آ
سماج تحریر کا کام بند نہیں کرے گی۔ بلکہ آریہ سماج کی روح اپنے سب
کی اصلیت و فضیلت کھولنے سے اور دیگر مت متانتروں
دکھلا دینے کے جلوہ کو مات کرنے سے زیادہ نشو و نما پا دیگی۔ اور آ
سماج کی جان و روح اسوقت بھی سوامی کرت آرش گرنتھ ہے
جس سے کہ ہر ایک مذہب والے کانپ رہے ہیں لیکن آریہ سماج کی
روح تب ہی قایم و زندہ رہیگی جبکہ آیندہ دیگر حملوں اور حملہ آور
کے مقابلہ میں یہہ سوسائٹی اپنے تئیں کمزور نہیں ظاہر کریگی۔

(امر سوم) پنڈت جی کی شہادت کا یہہ ایک بڑا بھاری
عملی نتیجہ ظہور میں آیا کہ آریہ سماج کے مقابلہ میں کوئی منطقی دلیل
کرنے والا اور اپنے مذہب کو سچا یا سماوی کہنے والا کھڑا نہیں
ہو سکتا۔ جس قدر سخت حملے آریہ سماج پر ہوئے وہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہندو شاستروں۔ پُرانوں اور آریہ سماج کے غلط فہمیدہ وغلط بیان شدہ اصولوں پر پکشپات اور تعصب کی ندی میں بہنے سے ہوئی کوئی نرپکشپات ہوکر راستی کی بجر ہاتھ میں لے کر آریہ سماج کے کسی وکیل کے سامنے نہیں آیا۔

(امر چہارم) پنڈت جی کی شہادت مخالفین کی طرف سے اعلیٰ درجہ کی کمینگی۔ فریب۔ چالبازی اور بزدلی ظاہر کرتی ہے حالانکہ پنڈت جی کی طرف سے اعلیٰ درجہ کی صداقت۔ بشواس۔ نیک نیتی۔ ایمانداری اور دھرم پر درڑھ بشواس کا ثبوت دیتی ہے اور اس سے ایک دیانتدار و راستی پسند آدمی یہ نتیجہ نکالنے سے باز نہیں رہ سکتا کہ آریہ سماج ہی ایک ایسا گروہ ہے جو نہ صرف راستبازی اور ایشور پرستی کا پُتلا ہے بلکہ اپنی گورنمنٹ کا اعلیٰ درجہ کا وفادار۔ گورنمنٹ کے ادھین۔ اور اُس کے قانون انوسار کام کرنے والا ہے۔ جہاں اسلامیہ اخباروں نے سلطان روم کے حق میں سخت سے سخت مضمون لکھے۔ اپنے مسلمان

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

بھائیوں کو جہاد کے لئے کمانیہ آمادہ کیا - لاہور میں نوٹس گمنام چسپاں کرائے کہ ہر ایک مسجد میں سلطان روم کے حق میں دعائیں پڑھی جاویں آریہ سماج کے برخلاف "اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے" کی مثال گورنمنٹ کو بہکانے اور ورغلانے میں کوئی دقیقہ باقی نہیں چھوڑا - وہاں آریہ سماج نے ڈیفنس کے لئے ذرا بھی قلم نہیں اُٹھائی بلکہ اپنے معمولی فرض کو سرانجام کرتے ہوئے ملک اور منشیہ جاتی کی خدمت کے لئے ویسے ہی مستعد طیار رہے اور کسی طرح کا بیجا جوش وخروش عمل میں نہیں آیا۔

(**اپرنچم**) پنڈت جی کی شہادت نے سب سے بڑا نتیجہ یہہ پیدا کیا کہ آریہ سماج کی ہر دو پارٹیاں جو کہ ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لئے جد وجہد کر رہی تھیں اور منشیہ چکھشو سیمک مہے کو وعظ کرتے ہوئے بھی ایک دوسرے کو محبت کی نگاہ سے نہیں دیکھتی تھیں - اس شہادت سے شیر وشکر ہو گئیں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اس شہادت نے آریہ سماج کی ہسٹری کو قابل یادگار بنا دیا۔ جو دنیا کی ہسٹری کے کسی صفحہ پر ایسا پہلے تعلیم نہیں ہوا ہوگا کہ کسی مذہب کے دو فریق جو چار پانچ سال تک باہمی کشمکش میں مبتلا رہے ہوں بھائی بہائی کی طرح باہم ملجاویں۔

(امر ششم) پنڈت جی کی شہادت نے آریہ سماج کی ہسٹری کو چمکیلا کر دیا اور بھید دکھلا دیا کہ ست کی متلاشی اور لوگوں کو سدھارنیوالے اپنی جان پر کھیل کر کام کرتے ہیں اور کام کرنے کو مستعد ہیں۔

آریہ سماج صرف زبانی جمع خرچ کرکے سچائی پھیلانا اپنا فرض نہیں سمجھتا بلکہ اپنے جسم کی مطلق پرواہ نہ کرتے ہوئے آتما کو امر مانتے ہوئے اپنے مشن کی اشاعت میں کوشاں ہے۔

(امر ہفتم) پنڈت جی کی شہادت نے آریہ سماج میں ہوشیاری و پھرتی ڈالدی ہے سوئے ہوئے بہائیوں کو جگا دیا غفلت میں بیٹھے ہوئے پرشوں کو تیز کر دیا۔ سست دلوں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

چست کردیا۔ مردہ دلوں میں ترویج اور زندگی پھونک دی۔ نفاق کی اگنی کو نرو کرکے باہمی اتحاد۔ پریم اور پرشارتھ کا مادہ ڈال دیا۔ سنگدلوں کو نرم کردیا اور دکھلا دیا کہ آریہ سماج کو اپنا مشن پھیلانے کے لئے کن کن مصائب و شدائد و نوائب کا مقابلہ کرنا پڑیگا +

امرتسر - پنڈت جی کی شہادت نے صرف اسلامیہ مت کے کہنڈن کا خاتمہ ہی نہیں کردیا بلکہ اُن کے خون کے ایک ایک قطرہ سے ایک ایک لیکھرام پیدا ہوگا۔ اور وہ دن اب جلد سر پر آنیوالا ہے کہ اسلامیہ تلوار اس قدر لیکھراموں کو قتل کرتے کرتے کند ہوجاوے گی اور آریہ سماج کے کے آگے سر جھکا دیگی۔ آریہ سماج ایک مبارک سوسائٹی ہے جس میں ایسے آدمی پیدا ہوئے اور پیدا ہو رہے ہیں کہ ست کے لئے اپنی جان نیوچھاور کریں۔ پنڈت جی کی خنجر زدہ شکل دیکھ کر یا سُن کر سینکڑوں نئے پُرش

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ان کا مشن لینے کو مستعد ہوں گے ۔

الغرض پنڈت جی کی لاش کا ہون ہونا اگنی کُل راجپوتوں کے ہون کے قصے کی طرح ہے کہ ایک ایک راجپوت کے مرنے سے چار چار نئے پیدا ہوئے ۔ یا راون کے سر والی مثال کی طرح کہ ایک ایک سر کے کٹنے سے نئے سر نکل آتے تھے ۔ جب تک کہ اُس کا اصل سر جس میں امرت تھا نہیں کاٹا گیا ۔

پس جب تک کہ آریہ سماج میں ویدروپی ست کا بل ہے آریہ سماج کے معتقد سیکڑوں اور پیدا ہوں گے اور گمراہوں کو بذریعہ تقریر و تحریر بذریعہ پیار محبت و نرمی راہ راست پر لانے کی کوشش کریں گے اور پرماتما کا دیا ہوا گیان ویدروپی اُن کو چکھا کر اپنا ہم رفیق بنا کر پرماتما کے مہا آنند راج میں لے جاویں گے اور اُن کو شانتی و موکھش کا شربت پلاویں گے ۔

Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

امر نہم - پنڈت جی کی شہادت نے آریہ
کو بتلا دیا کہ جہاں دنیا کی مذہبی سوسائیٹیوں چاہے مذہبی
فرائض اپنے اپنے خیالات کے ایک دوسرے کے
مخالف کیوں نہ ہوں مگر انسانیت کے لحاظ سے ایک
دوسرے کے ساتھ ہمدردی کرنے کو اپنا انسانی فرض
سمجھتے ہیں - جہاں آریہ سماج کے ساتھ پرانھو عیسائی
اور ہندوؤں نے اس موقعہ پر اعلیٰ درجہ کی ہمدردی کی
وہاں اسلامیہ بزدیالو قوم نے اُلٹا - پنڈت جی کی پاک
زندگی پر عیب - اتہام اور الزام لگانے میں بھی کوئی کمی
نہیں چھوڑی اور اگر مہارانی وکٹوریا یا برٹش گورنمنٹ کا راج نہ
تو نہ معلوم کس قسم کی دیگر حرکات کا مرتکب ہوتے کسی نے
کیا اچھا لکھا ہے ؎

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ طاعت میں کچھ اس سے کم نہ تھی کروبیان

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اخیر میں آریہ بھائیوں کی سیوا میں التماس ہے کہ وہ پنڈت جی کی شہادت سے سبق سیکھیں اور اُن کے جیون چرتر کو صرف کاغذی دفتر میں رکھنے کی کوشش نہ کریں بلکہ اپنے جیون اپنے روح میں اپنی اُنتی میں اُن کے جیون کو لکھ کر پبلک پر ظاہر کریں اور اپنی عملی زندگی سے عوام الناس کو ثبوت دیں کہ آریہ سماج کا مشن قتل کے واسطے قتل نہیں ہے۔ موذی کے واسطے موذی بننا نہیں ہے۔ بلکہ وید منتر کی آگیا پر کہ یو اسمان دوشٹیم دیم دویشٹ مسم دو جہیے دہما۔ دیعنے اپنے سے دوش کرنیوالوں کے اپرادھیوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اُن کو ست مارگ پر لانے کے لئے اپنی مدھر بانی سے کام لیں اور جہاں تک ہو سکے اپنے شدھ اچرن کے بل سے اُن کو فتح کریں کسی نے کیا خوب کہا ہے

بڑے موذی کو مارا نفس امارہ کو گر مارا
پلنگ و اژدہا و شیر نر مارا تو کیا مارا ؎

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پس اپنے میں جت اندری بنا کر لوگوں پر اپنی عملی زندگی کی
ثبوت ظاہر کریں اور اُس مارگ پر چلنے کے لئے اور اپنے متروں
سجنوں۔ رشتہ داروں۔ ہم جنسوں بلکہ شترؤں کو بھی لے چلنے
کی کوشش کریں جو سوامی دیانند ہمارے لئے ظاہر کر گیا جس
راستے سے کہ پنڈت گورودت چل گیا جس راستے پر کہ
لیکھرام چلتا رہا۔ ہم اگر اُن کے نقش قدم کی پیروی کرینگے
تو دنیاوی مصیبتوں اور گورکھ دھندوں میں بھٹکتے نہیں پھرینگے
بلکہ آنند پور مُکت پرماتما کے راج میں اُس مہا آنند کے
بھاگی بنیں گے۔

اپکا سیوک

جمنا داس

لیکھرام میموریل فنڈ کو مت بھولو!

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دھرم کا روپ اور سروپ

یعنی

دھرم کی بیرونی اور ظاہری فارم (صورت) اور اندرونی سیرت

از

پنڈت شیوناتھ شاستری ایم۔اے

مشہور پرچارک اور لیڈر سادھارن برامھ سماج

جسکو

شردھے پرکاش دیوجی پرچارک برامھ دھرم

نے

بنگالی زبان سے اُردو زبان میں ترجمہ کیا

برامھ سمت ۷۳ ——— نومبر سنہ ۱۹۰۲ء

مطبوعہ رفاہ عام سٹیم پریس لاہور

CC-0. In Public Domain. Panini Kanya Maha Vidyalaya Collection. Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اُصولِ براہمہ دھرم

(۱) کُل کائنات کو پیدا کرنے والا ایک پرماتما ہے جو کامل ابدی اور لاثانی ہے ؛

(۲) وہ قادر مطلق۔ علیم۔ عادل۔ پاک۔ محبت کُل۔ ہر جگہ حاضر و ناظر ہے ؛

(۳) رُوح انسانی غیر فانی اور لاانتہا ترقی کرنے کی قابلیت و خاصیت سے مشرف ہے ؛

(۴) پرماتما سب کا باپ ہے اور سب مرد و عورتیں روحانی آزادی و دھرم جیون حاصل کرنے کے استحقاق میں برابر ہیں ؛

(۵) اپنی زندگی میں اعتدال اور کل مخلوق کے ساتھ اتحاد رکھنا رُوح کی علتِ غائی ہے ؛

(۶) اِس علّت غائی کے موافق عمل کر کے رُوح اپنے اور اَوروں کے لئے مفید ورنہ مضر بنتی ہے ؛

(۷) سادھو۔ مہاتما اور دھرم پُستکیں دھرم جیون حاصل کرنے میں ایک حد تک مددگار ہونے کی وجہ سے شردھا اور تعظیم کے لائق ہیں مگر وہ مُکتی حاصل کرنے کا کامل ذریعہ نہیں ہیں ؛

(۸) روحانی عبادت اور پرماتما کی مرضی کے موافق خیال کلام اور عمل کرنا ہی سچّی نجات ہے ؛

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دھرم کی بیرونی اور ظاہری فارم (صورت) اور اندرونی سیرت

دھرم کی مختلف اور طرح طرح کی بیرونی فارمز (صورتوں) کو دیکھنے کے لئے ہم کو کسی اور جگہ جانے کی ضرورت نہیں۔ بلکہ یہ بھارت ورش ہی مختلف دھرم سمپردائوں (مذہبی فرقوں) کے سادھن کا ایک بہت وسیع میدان ہے۔ اِس مُلک میں وحشی قوموں کی پریت پوجا سے لیکر شایستہ قوموں کی ایک اور لاثانی ایشور کی پُوجا تک دھرم کی تمام ظاہری صُورتیں اور اُس کے سادھن کے طریق موجود ہیں۔ درحقیقت اِنسانی رُوح میں دھرم بھاؤ کا ظہور اور بکاش اور اِنسانی سوشیل رسوم اور رواج کے ایوولیوشن (بکاش) کا ثبوت جیسا ہمارے مُلک میں دیکھا جاتا ہے اور اُس کا تجربہ جیسا اِس ملک میں کیا جا سکتا ہے ایسا کسی اور جگہ نہیں پایا جاتا ؂

آج کل بھی اِس مُلک کی پہاڑی قوموں میں پریت پُوجا کا رواج اور تعلیم یافتہ اور عالم لوگوں میں ایک اِیشور کی پُوجا دیکھی جاتی ہے۔ اِس واسطے جو لوگ دھرم بھاؤ کے آغاز اور اُس کی ترقی کے بارے میں واقفیت حاصل کرنا چاہتے ہوں۔ اُن کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ بھارت ورش کی تمام قوموں کی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مذہبی اور سوشیل تواریخ پر غور و فکر کریں ؛

یہ ایک نہایت دقیق اور مشکل سوال ہے کہ ویدک زمانہ کے جگ اور ہون کی رسوم اور عناصر پرستی اور اُپنشدوں کے زمانہ کے برہم گیان کی دونو دھاروں کے اندر سے جو عرصہ دراز سے اِس مُلک میں بہتی چلی آتی تھیں۔ کِس طرح سے بُت پرستی کا ظہور ہُوا۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ بُودھ دھرم کے ظہور کے بعد اُس کی مثال اور اُپدیشوں کے زور اور اثر سے بھارت ورش کے لوگوں کے دماغ میں بُت پرستی کا خیال پیدا ہوا۔ اور اُسی وقت سے اُس کی ترقی ہوئی ؛

اِس میں کچھ شک نہیں کہ بودھ دھرم کے ظہور کے بعد دیوی دیوتوں کی پرستش نے بہت ترقی کی اور بہت کچھ زور پکڑا تھا۔ لیکن مشہور فاضل بابو اکھے کُمار دت کا کہ جو بھارت ورشیہ اُپاسک سمپردائے نامی کتاب کے مصنّف ہیں خیال ہے۔ کہ سنہ عیسوی سے چھ سو برس پہلے اس مُلک میں شیو کی پرستش جاری تھی۔ پس اس سے ثابت ہوتا ہے۔ کہ مہاتما بُدّھ کی پیدایش سے پہلے بھی کسی نہ کسی صورت میں دیوی دیوتاؤں کی پُوجا اِس مُلک میں مُروّج تھی۔ یہاں یہ بتلانا مقصود نہیں کہ کس طرح سے بھارت ورش میں بُت پرستی شروع ہوئی۔ اور کیونکر اُس نے ترقی کی۔ بلکہ مختصراً یہ ظاہر کرنا منظور ہے کہ اُس بُت پرستی نے کیا کیا شکل قبول کی تھی ؛

بھارت ورش کے حصّہ آریہ ورت میں بُت پرستی کا ظہور تین فرقوں یعنی شیو۔ ویشنو اور شاکت کے درمیان ہُوا تھا۔ دکھّن میں ایک اور فرقہ بھی پیدا ہوا تھا جس کا نام گان پتیہ ہے۔ یہ لوگ گنپتی یعنی گنیش کی پرستش کرتے ہیں۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

آریہ ورت میں بھی مذکورہ بالا تین بڑے فرقوں میں سے شیو سب سے پرانا فرقہ ہے اِس کے بعد کا ویشنو فرقہ اور سب سے آخر کا شاکت فرقہ ہے۔ فرقہ شیو کے لوگ اکثر شنکر اچارج کے پیرو ہیں۔ اِس کی بھی شاخ در شاخیں ہیں۔ اور اُنکے اندر مختلف سادھنوں کے مختلف طریق ہیں۔ مہاتما چیتن کے ظہور کے بعد صوبۂ بنگال کے ویشنو اُن کے پیرو بن کر مختلف شاخوں میں تقسیم ہو گئے۔ اُن کے سادھن کے طریق میں بھی اختلاف ہے ؛

صوبۂ بنگال میں شاکت مت والوں کی تعداد بھی کچھ کم نہیں۔ اُنکے سادھن کا طریق تنتر شاستر کی تعلیم کے موافق ہے۔ اُس کا خاص طور پر ذکر کرنا چنداں ضروری نہیں۔ مختصر طور پر اِتنا ہی کہا جا سکتا ہے۔ کہ بعض بعض تانترک سادھن پرنالی اس قدر پاپ آلودہ۔ ناپاک۔ گندہ اور خوفناک ہے۔ کہ اُس کا عام طور پر ذکر کرنا یا لکھنا ممکن نہیں۔ جب اُن تمام سادھنوں کا بیان پڑھنے میں آتا ہے تو اُس کے پڑھنے سے جسم کے تمام رونگٹے کھڑے ہو جاتے۔ اور دل میں یہ خیال پیدا ہو کر دماغ اِس چنتا میں غرق ہو جاتا ہے۔ کہ کیونکر دھرم میں اِس قدر ادھرم اور پاپ کی غلاظت داخل ہو گئی۔ اور قوم کی حالت کیونکر اسقدر زوال اور پستی کو پہنچ گئی کہ جس سے یہ سب ناپاک اور پاپ آلودہ سادھن پرنالی بھی دھرم میں داخل ہو کر اُس کا ایک جُز بن گئی!

خیر کچھ ہی ہو۔ شیو۔ ویشنو اور شاکت ان تینوں قسم کے مذہبی فرقوں میں جس جس طریق سے سادھن کیا جاتا ہے۔ موٹے موٹے طور پر وہ تین حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے ؛

(۱) بیراگ اور جوگ پردھان سادھن یعنی جس میں بیراگ اور جوگ کو

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سب سے بڑھ کر مقدم خیال کیا گیا ہے ؛

(۲) بھاؤ پردھان سادھن یعنی جس میں بھاؤ (گداز) کو سب سے بڑھ کر سمجھا گیا ہے ؛

(۳) کریا پردھان سادھن جس میں کام - کاج اور سیوا کو ترجیح دی گئی ہے ؛

ان تینوں قسم کی سادھن پرنالی کا بکاش اور ترقی ہندوستان کے تمام مذہبی فرقوں میں دیکھا جاتا ہے ؛

گرو نانک اور بھگت کبیر وغیرہ کے مذہبی فرقوں میں بھی اگرچہ وہ نسبتاً بُت پرستی سے خالی اور ایک ایشور کے ماننے والے ہیں - ان تینوں قسم کی سادھن پرنالی کا بکاش موجود ہے - نیز اس سادھن پرنالی کا بکاش صرف بھارت ورش کے ہندوؤں میں ہی نہیں - بلکہ عیسائی مذہب کے سادھکوں میں بھی پایا جاتا ہے - اور اُن میں بھی نہ صرف جنگل میں رہنے والے سنیاسی بھاوک اور کرمی تینوں قسم کے سادھک نظر آتے ہیں - بلکہ یہاں تک کہ جیسا عیسائی مذہب کے فرقوں کی سادھن پرنالی اور اُس کے سادھکوں میں باہم اختلاف ہے - ویسا اور بہت کم فرقوں میں ہوگا - اب بھی اگر عیسائی دھرم کی تواریخ سے ناواقف کوئی شخص اچانک یورپ میں جا کر بُت پرست رومن کیتھلک اور خدا پرست یونی ٹیرین کی سادھن پرنالی کی طرف نگاہ ڈالے - تو وہ کبھی بھی دونوں کو ایک دھرم کے لوگ خیال نہیں کر سکتا - باوجودیکہ دونوں ایک ہی دھرم کی شاخیں ہیں ؛

بُودھ دھرم اور مذہب اسلام کے سادھکوں میں بھی سادھن کے طریق میں فرق پیدا ہوا - اور اُن میں بھی اُس نے مختلف طرح کی صورت قبول کی ہے ؛

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

یہاں تک تو دُنیا کی شائستہ قوموں کے دھرم بھاؤ کی مختلف فارمز (بیرونی شکل وصورت) کا ذکر ہوا ؛

وحشی قوموں میں کتنا اور کس کس شکل میں دھرم بھاؤ بکاش ہوا ہے۔ اُس پر غور کرنے سے ایک عجیب حیرانی پیدا ہوتی ہے۔ مگر یہاں اُس کے مفصّل طور پر ذکر کرنے کی چنداں ضرورت نہیں۔ مختصراً یہ ہے۔ کہ پتروں کی پُوجا اور پریت پُوجا ہی ان تمام قوموں کا پردھان سادھن ہے۔ اور پریتوں کی خوشنودی کے لئے یہ لوگ طرح طرح کی کارروائیاں کیا کرتے ہیں۔ ان کی تمام پوجا اور دھرم انوشٹھان کا سب سے بڑھ کر مقصد یہ ہوتا ہے کہ پریت کو خوش کرنے سے وہ اُن کو کچھ نقصان اور تکلیف نہ پہنچائیگا ؛

اِس طور پر دیکھا جاتا ہے کہ دھرم بھاؤ اور دھرم کی بیرونی فارمز انسانی تہذیب اور شائستگی کی ہر ایک تہ میں موجود ہیں اور یہ ایک نہایت تعجب خیز اور حیرت انگیز سوال ہے کہ ایسا کیوں ہے؟ اور کیوں انسان اِسکو اپنے دل سے دُور نہیں کر سکتا؟

دھرم بھاؤ کی تحریک سے اِنسان جو جو کارروائیاں کرتا ہے۔ وہ اور بھی زیادہ حیرانی میں ڈالتی ہیں۔ ہم نے اکثر بچوں کے کھیل کی جگہ پر جاکر اُن کے کھیل کو دیکھا ہے وہ کچھ مٹّی اور ٹھیکریاں وغیرہ لے کر اُن سے طرح طرح کے کھانے تیار کرتے اور جھوٹھ موٹھ آپس میں ایک دوسرے کو کھلا کر خوش ہوتے ہیں۔ اور وہ اس کھیل میں اس قدر دل لگاتے ہیں۔ کہ گویا اُس میں ہمہ تن محو ہیں۔ ہم اور تم جس نگاہ سے اُس کھیل کو دیکھتے ہیں۔ بچّے بھی اگر اُسی نظر سے دیکھتے ہوتے تو وہ کبھی بھی اُس کھیل کو نہ کھیل سکتے۔ اور نہ اُس میں خوشی ہی محسوس کر سکتے بلکہ یہ کہ کر کہ "ہم کیا کر رہے ہیں" اور ہنس کر وہاں سے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اُٹھ کر بھاگ جائے۔ ٹھیک ایسے ہی اگر کسی اعلےٰ قوم کا ایک شخص آج انسانی سوسائٹی کی طرف نگاہ ڈالے۔ تو کیا دھرم کی کارروائیوں میں اسی قسم کا ایک بچّوں کا کھیل نہیں دیکھ پاتا؟ کیا وہ یہ دیکھ کر حیران نہیں ہوتا۔ کہ عمر رسیدہ لوگ گہری توجہ اور محویت کے ساتھ خیالی دُنیا میں رہ کر گویا ایک قسم کا کھیل کھیل رہے ہیں؟ وہ دیکھتا ہے۔ کہ ہندو سماج میں ایک ججمان کُشا گھاس کے اوپر ایک مُٹھی اَنّ کا پنڈ۔ کچھ پانی اور ایک گز یا دو گز کپڑا رکھکر خیال کرتا ہے۔ کہ یہی اَنّ۔ جل اور بستر پرکال میں پرلوک گت پتروں کو ملینگے۔ اور اُن سے اُن کی بھوکھ۔ پیاس اور کپڑے کی ضرورت دُور ہوگی۔ عیسائیوں میں عابد لوگ تھوڑی سی شراب ڈال کر اور ایک ٹکڑا روٹی کا توڑ کر خیال کرتے ہیں۔ کہ اِس سے مسیح کا خون اور گوشت بن گیا۔ اور ایسا سمجھ کر وہ اُس کو پیتے اور کھاتے ہیں۔ یہ سب کارروائی کیا ایک اعلےٰ اور گیانی آتما کے نزدیک مثل بچّوں کے کھیل کے دکھائی نہیں دیتی؟

دھرم بھاؤ ایک ایسی چیز ہے۔ کہ جو ایک عمر رسیدہ عالم شخص کو بھی بچّے کی مانند بنا دیتا ہے۔ اگر کوئی یہ دیکھے کہ ایک عمر رسیدہ عالم شخص اپنی دونوں آنکھوں میں یقین نہ رکھ کر لوہے کی سیخوں سے اُن کی روشنی کو بجھاتا ہے۔ اور اپنے آپ کو انگ ہین کر کے دوسرے کے ہاتھوں میں سونپ رہا ہے۔ تو یہ نظارہ دیکھ کر دل کو کس قدر تکلیف اور دُکھ ہوتا ہے؟ لیکن ہائے! دھرم انسان کو اس قدر پیارا ہے۔ کہ جب ہی دھرم وشواس (ایمان) اور بچار شکتی (عقل) میں بروودھ (نفاق) پیدا ہُوا ہے۔ تب ہی اِنسان نے بچار شکتی کو اندھا بنا کر اپنے آپ کو گُروؤں کے حوالہ کیا ہے۔ نظر نہ آنے والی چیز کے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

لئے گرویدگی اور محویت ہی اُس کا سب سے بڑا کارن ہے۔ دھرم کی یہ عظمت ہے۔ کہ یہ اُس طاقت کو جو اِن بیرونی حواسوں کے ذریعے نہیں دیکھی جاتی اور نہ محسوس کی جاتی ہے۔ اُن چیزوں کے مقابل میں بھی جو بیرونی حواسوں کے ذریعے دیکھی اور محسوس کی جاتی ہیں۔ ہمارے نزدیک تر کر دیتا ہے۔ اور اُس کے اُچھّواس (گداز) سے دل فریفتہ ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ جیسے اندر جال شاعرانہ نظم کی جان ہے ویسی ہی اُسی گرویدگی اور محویت سے پیدا شدہ روحانی گداز دھرم کی بھی جان ہے۔ اسی واسطے دھرم کی اعلےٰ منزل میں شاعری اور دھرم بھاؤ مل کر دونوں ایک ہو جاتے ہیں۔ یہی باعث ہے۔ کہ دُنیا کا پُرانا دھرم بھاؤ شاعرانہ نظم میں ظاہر ہوا تھا۔ اور اسی وجہ سے کوِی (شاعر) اور رِشی دونوں شبد ایک ہی معنوں میں استعمال ہوتے ہیں ؎

پُورنماسی کی رات کو پورے چاند کے چاروں طرف بعض بعض دِن روشنی کا حلقہ (ہالہ) دیکھا جاتا ہے۔ اُس سے پورے چاند کی خوبصورتی اور شوبھا دوگنی ہو جاتی ہے ؎

موسم سرما کے شروع میں ایک ایک دِن درختوں اور بیلوں پر ایک طرح کی نیلے رنگ کی بھاپ دیکھی جاتی ہے۔ جس کے ذریعے وہ ایک عجیب و غریب خوبصورتی قبول کرتے ہیں۔ جو ہمارے دل کو موہت کر لیتی ہے۔ پورے چاند سے اُس روشنی کے حلقے کو ہٹالو۔ یا پرکرتی کے چہرہ سے اُسی نیلے رنگ کی بھاپ کے برقع کو اُٹھالو پھر اُس میں وہ رونق نہ رہیگی وہ خوبصورتی نظر نہ آئیگی۔ اُسی طرح سے ہمارے سُکھ اور دُکھ سے پُر۔ باسنا (خواہشات) اور بشاد (رنج والم) سے بھرپور جیون سے اس محویت اور

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

گردیدگی اور روحانی گداز کو دُور کر دو۔ تو ہماری زندگی کے کھیت میں صرف روزمرّہ کی پربرتیاں (جذبات) باسنا (خواہشات) سُکھ اور دُکھ اور کشمکش کی یادداشت ہی پڑی رہ جائیگی۔ اور اُس زندگی کو پھر کر ایک بار دیکھنے کی بھی خواہش نہ ہوگی ؛

حکیم کُل اور کاریگرِ کامل نے اِس اِنسانی زندگی کو اور بھی زیادہ خوبصورت دکھلانے کے لئے اس پر محویّت اور بھاؤ کی رنگین قلم پھیر دی ہے۔ اور اِنسانی رُوح میں محویت اور بھاؤ کو گہرا کر دیا ہے۔ اسی واسطے اس زندگی میں ہم "جو کچھ دیکھتے ہیں"۔ اُس کے مقابل میں "جو کچھ نہیں دیکھتے" اُسکی ہی کشش ہمارے دِل پر زیادہ ہوتی ہے۔ اِسی کا نام دھرم بھاؤ اور اِسی کا نام شاعری ہے ؛

دھرم بھاؤ کے مطیع ہو کر انسان جو کچھ کر رہا ہے۔ اُس کو تُم بچّوں کا کھیل کہہ سکتے ہو۔ لیکن نہ نظر آنے والی طاقت کے لئے انسان کے دِل میں جو لگاؤ ہے۔ یہ لگاؤ ہی انسانی زندگی کی خصوصیّت اور عظمت ہے۔ اور یہی اُس کی تمام طاقت کا چشمہ ہے ؛

دھرم کا باہر کا رُوپ (بیرونی شکل وصُورت) بہت سی صورتوں اور حالتوں میں بچّوں کے کھیل کے مانند ہونے پر بھی بہت مفید ثابت ہوتا ہے اور ہمارے اِس جیون کے چاروں طرف جو اِن بیرونی حواسوں کے ذریعہ دکھائی دیتا ہے۔ اُس نہ نظر آنے والی طاقت کے عکس کا نقش کھینچ دیتا ہے۔ اور نامعلوم طور سے محدود کے پیچھے لامحدود کے خیال کو روشن کرتا ہے۔ اور انسان کے دل کو اپنی طاقت کی کمزوری اور حقیر پن کے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

علم کا عادی بنا کر اسکے اندر فروتنی اور انکساری کے بھاؤ کو لا دیتا ہے۔ اس واسطے دھرم کی تمام بیرونی فارمز (شکل اور صورت) انسان کی روحانی تعلیم میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ اور اُن کو کبھی نفرت اور حقارت کی نظر سے نہیں دیکھنا چاہیئے۔ اگر دھرم بھاؤ کو دِل میں دھارن کرنا چاہو۔ اُسکو ستھائی بنانا چاہو۔ تو کسی نہ کسی سادھن پرنالی کو ضرور اختیار کرنا ہوگا۔ اس واسطے دھرم کی کوئی نہ کوئی بیرونی فارم (رُوپ) بھی اُسکے ساتھ ہی ساتھ ضرور آموجود ہوگی ؛

اب سوال یہ ہے کہ دھرم کی اِن تمام بیرونی فارمز (روپ) میں جو ایکدُوسرے کے برخلاف ہیں۔ دھرم کا سُروپ (سیرت) کیا ہے؟ کیا کوئی ایسا سُوتر ہے کوئی ایسا رشتہ ہے۔ کوئی ایسی لڑی یا کوئی ایسی زنجیر ہے۔ کہ جسکے ذریعہ وحشی قوموں کی پریت پُوجا۔ بودھ لوگوں کے دہریہ پن اور ایشور کے ماننے والے اعلےٰ درجہ کے گیانیوں کی اُپاسنا کی تشریح کی جاسکتی ہو؟

یہ ایک نہایت دقیق اور مُشکل سوال ہے۔ میکس مولر صاحب فرماتے ہیں۔ دھرم بھاؤ کا سُروپ (سیرت) برھم گیان ہے۔ یعنی اس بات کا بودھ (علم) کہ محدود کے پیچھے ایک لامحدود طاقت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ بودھ (علم) ہر ایک دھرم کی تہ میں پایا جاتا ہے۔ پس یہی دھرم کا سُروپ ہے تھیوڈر پارکر کہتے ہیں۔ کہ دھرم کا سُروپ (سیرت) بھروسہ کا بھاؤ ہے۔ یعنی یہ بودھ کہ میں اپنے سے غیر کسی فہیم طاقت پر بھروسہ کرتا ہوں۔ یہ بھاؤ بھی تمام مذاہب میں ہی دیکھا جاتا ہے۔ اِس میں کچھ شک نہیں کہ دھرم کے سُروپ کی یہ تشریح جزوی طور پر ٹھیک اور درست ہے۔ اور یہ دھرم کے سروپ کی صرف ایک طرف ہے ؛

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اگر دُنیا کے دھرم پربرتک مہاپُرشوں کے اُپدیشوں اور تعلیم پر ایک بار اچھی طرح سے غور و فکر کیا جاوے۔ تو معلوم ہوگا کہ اُنہوں نے دھرم کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ ایک حصہ آتما سے تعلق رکھتا ہے اور دوسرا دُنیا سے۔ ایک حصہ کا نام روحانیت دیا جا سکتا۔ اور دوسرے کو اخلاق کے نام سے پُکارا جا سکتا ہے۔ اُنہوں نے انسان کو صرف اسقدر اُپدیش دیکر ہی قناعت نہیں کی۔ کہ تُم اس دُنیا سے پرے جو ایک پرم ستّا (اعلےٰ ہستی) ہے اُس کے بھاؤ کو اپنے دل میں محسوس اور دھارن کرو۔ بلکہ اسکے ساتھ ہی ساتھ یہ بھی ہدایت کی ہے۔ کہ اُسی ستّا (طاقت) کے بھاؤ کو دِل میں لیکر اپنی تمام خواہشات اور جذبات پر پُورا تصرّف حاصل کرو۔ اور انکو اپنے مطیع کرو۔ بیرونی حواسوں سے پرے پرم ستّا کو دِل میں دھارن کرنا اور پربرتیوں (جذبات اور خواہشات) پر پُورا تصرّف حاصل کرنا اِن دونوں کو دھرم کا بیرونی اور اندرونی انگ (جُزو) یا دھرم کے دو رُکن کہا جا سکتا ہے۔

دُنیا کے مہاپُرشوں کو سب سے بڑھ کر اِسی سوال نے کہ کس طرح سے حیوانی جذبات۔ نفسانی اور جسمانی خواہشات پر پُورا تصرّف حاصل کرنا اور کیونکر اُن کو اپنے مطیع کرنا چاہیئے۔ دھرم کی طرف خاص طور سے متوجہ کیا تھا اور اُن کا پریم سے پُر دِل نوع اِنسان کی پاپ پربرتیوں اور اُن کی وجہ سے اُس کی دُکھدائی اور افسوسناک حالت سے دُکھی اور بیزار ہو کر اِن پربرتیوں کے اوپر تصرّف حاصل کرنے کے ذریعوں اور طریقوں کی تلاش میں مشغول ہُوا تھا۔ اور آخرش اُنہوں نے جُستجو کرتے کرتے یہ معلوم کیا۔ کہ اِن بیرونی حواسوں سے پرے جو ایک ستّا (طاقت) ہے وہی طاقت اِن پربرتیوں پر

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

تصرّف کرنے کا سب سے بڑھ کر ذریعہ اور مددگار ہو سکتی ہے +

ایسے لوگ کہ جن کی نگاہ موٹی ہے۔ کسی بیرونی خرابی یا بُرائی کو دُور کرنے کے لئے بیرونی وسائل اور طریق اختیار کرتے ہیں۔ لیکن اِن مہا پُرشوں کی خصوصیت یہ ہے۔ کہ اُنہوں نے اُس کا باعث اِنسانی فطرت اور زندگی میں ہی معلوم کیا اور اُسی طرف اُن کی نگاہ پڑی۔ اُنہوں نے صاف طور سے معلوم کر لیا۔ کہ جب تک انسان کو پرُبرتیوں پر غالب آنے اور اُن کو قابو میں رکھنے کا طریق نہ دکھلا دیا جاوے تب تک پاپ اور بُرائی سے بچنے کا اور کوئی ذریعہ نہیں۔ اسیواسطے اُنہوں نے سب سے بڑھ کر اپنی بیش قیمتی زندگی کی تمام طاقتیں اِسی پہلو میں خرچ کیں +

بعض لوگ حضرت محمدؐ صاحب کو خود رو اور نفس پرست کہتے۔ نیز چونکہ اُنہوں نے ایک سے زیادہ عورتوں کے ساتھ شادی کی تھی۔ اس واسطے لوگ اس پہلو میں اُن کی بُرائی کرتے ہیں۔ لیکن جب ہم عرب کے لوگوں کی حالت کو سامنے لاتے ہیں۔ کہ جو نفس پروری اور عورتوں کے متعلق بے اعتدالیوں میں ڈوبے ہوئے اور جن میں ہر ایک قسم کی بے قاعدگی۔ سرکشی اور خونریزی کا دَور جاری تھا۔ اور جب اُس کے ساتھ ہی یہ دیکھتے ہیں۔ کہ کس طرح سے محمدؐ صاحب نے ایسی سرکش قوم کو پنج وقتہ نماز۔ روزہ۔ فاقہ کشی سکھائی اور شراب نوشی اور سود لینے سے پرہیز اور کفایت شعاری۔ مہمان نوازی وغیرہ کے پاک قوانین کے مطیع کر دیا تو بہت بڑا تعجب اور حیرانی پیدا ہوتی ہے۔ اور اس میں کچھ بھی شک نہیں رہتا کہ محمدؐ صاحب نے عرب کی قوم کی بداخلاقی اور بدچلنی کو دُور کرنے کے لئے اپنے دھرم (دین) کو اُن لوگوں کے دلوں میں مثل دوا کے داخل کر دیا تھا +

اس امر سے تو قریباً سب ہی واقف ہیں کہ حضرت مسیحؑ نے اپنے دھرم کا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دارومدار اخلاقی زندگی پر ہی رکھا اور دل کی پاکیزگی پر بہت زور دیا تھا۔ اس لئے یہاں اس کے خاص طور سے ذکر کرنے کی ضرورت نہیں۔ مہاتما بدھ کے دھرم کا جزو اعظم خواہشات پر پوری حکومت اور تصرّف حاصل کرنا ہی ہے۔ یا یہ کہنا کچھ نامناسب نہ ہوگا۔ کہ انہوں نے دھرم میں روحانیت کے پہلو کو دوسرے درجہ پر رکھ کر اُسے دہریہ پن کے پردے میں چھپا رکھا تھا۔

ان تمام امور پر غور کرنے سے یہ بات پختہ طور سے کہی جا سکتی ہے کہ دھرم کی اندرونی سیرت اور جان۔ آتم سنجم (اپنی خواہشات کو قابو میں رکھنا) ہے۔ اور اُس کے دو جزو ہیں۔ اول۔ روحانیت کا پہلو۔ یعنی اندریوں سے پرے ایک ستا (طاقت) میں بشواس۔ دوم۔ اخلاق کا پہلو یعنی آتم شاسن (اپنی خواہشات اور جذبات پر کُلّی تصرّف و حکومت)۔

بُدھ نے اس روحانی ہستی یا طاقت کو "کرم" کہا ہے۔ اُنکے خیال میں کرم ہی انسانی زندگی پر حکومت کرتا ہے۔ محمد صاحب نے اِس حواسوں سے پرے ہستی کو "اللہ اکبر" کہا ہے۔ یعنی ایک زبردست طاقت اور عظیم مرضی انسانی زندگی پر رات دن حکومت کرتی ہے۔ اور مسیح نے اِسے پتا (باپ) کہا ہے۔ یعنی ایک اُدار (فراخ) پریم کی گود میں انسانی زندگی باس کرتی اور اسی پریم کے ذریعہ قایم رہتی ہے۔ حقیقت یہ ہے۔ کہ اندریوں سے پرے اِس شکتی کو تم خواہ اعلےٰ قانون کہو یا عظیم مرضی کے نام سے پکارو یا اُدار پریم کے نام سے منسوب کرو۔ لیکن اس میں کچھ بھی شک نہیں۔ کہ انسانی زندگی پر خود اُس سے غیر ایک اور طاقت کُلّی طور سے رات دن حکومت کر رہی ہے۔ کہ جس کی حکومت کے دائرہ سے کوئی انسان باہر نہیں جا سکتا۔ اور جس کے برخلاف چل کر کوئی شخص اُس کے نتائج

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سے نہیں بچ سکتا۔ اور جب ہم اِس اعلےٰ صداقت پر تنہائی میں بیٹھ کر غور کرتے ہیں۔ تو اس کی خوبیوں سے موثر ہو کر ہمارے جسم کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے اور دل و دماغ خوشی سے پُر ہو جاتا ہے +

دُنیا کے مہا پُرش اِس اعلےٰ صداقت کو پا کر خاموش ہی نہیں رہے۔ بلکہ اُنہوں نے کہا کہ اِس طاقت کے مطیع ہو کر اپنے آپ کو اس میں فنا کرو۔ اور اِس آتم بلوپ (خودی کا فنا کرنا) کے بارے میں سب ہی متفق الرّاے دیکھے جاتے ہیں۔ بُدھ نے کہا۔ "اپنے لئے کچھ بھی چاہنا پاپ ہے۔ اور کُلّی طور سے باسنا کا تیاگ ہی نربان ہے" +

محمدؐ صاحب نے کہا۔ "اللہ جو حُکم کرتا ہے۔ اُس کے برخلاف کچھ چاہنا ہی پاپ (گناہ) ہے۔ اور ایسا کرنا کافر کا کام ہے۔ اللہ پاک کی مرضی میں اپنی مرضی کو فنا کرو۔ اور پوری فرمانبرداری کی عادت پیدا کرو" یسوع نے کہا۔ "پریم سے اپنے آپ کو پرم پتا کے ہاتھوں میں سونپ دو" +

غرض ان سب کا ایک ہی اُپدیش اور ایک ہی بانی ہے لیکن ہاے! عام لوگوں کے لئے کہ جو رات دن کام کرودھ کے بس ہو کر زندگی بسر کرتے ہیں۔ اور جو چند روزہ اور عارضی سُکھوں کی خواہش سے متحرک ہو کر کٹھ پتلی کی مانند طرح طرح کے ناچ ناچتے رہتے ہیں۔ اس شرط کو پورا کرنا کس قدر مشکل ہے۔ اپنے آپ کو کُلّی طور پر فنا کرنا تو درکنار رہا عام لوگ پرترتیوں کے مُنہ میں لگام دے کر اپنے آپ کو خندق و غار سے ہی بچا کر نہیں چل سکتے اور بسا اوقات بعض کو ارجن کے ساتھ ایک زبان ہو کر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے:-

"اے کرشن! یہ من چنچل۔ بناش کرنے والا اور بہت بلی (طاقتور) ہے اور اس کو

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

روکنا ہوا کو قابو کرنے کی مانند مشکل ہے۔" نیز اُپنشدوں کے مصنّف رشیوں نے بھی کہا ہے "بگیان (صحیح وسالم عقل) جسکے دل کا سارتھی (کوچبان) ہے۔ اور من رُوپی لگام جسکے ہاتھ میں ہے ایسا شخص ہی اِس بھوساگر سے پار ہو کر اُس سرب بیاپی (سب جگہ حاضر و ناظر) پُرش کے پرم پد کو حاصل کرتا ہے"۔

یہاں پر آکر ہی دُنیا کے لوگوں نے زمانہ زمانہ میں شکست فاش کھائی ہے۔ اُنکی پربرتیوں نے "سرکش و شریر گھوڑے کی مانند" اُن کو پاپ کی خندق میں لے جا پھینکا ہے۔ دُنیا کے پاک اور رحمدل مہاپرشوں اور سادھوؤں نے لوگونکی افسوسناک حالت پر ترس کھا کر اس بارے میں غور و فکر کیا۔ کہ کیونکر انکو اس حالت سے بچایا جاوے۔ اِسی سوال کی سوچ و بچار اور دھیان و دھارنا میں اپنے آپ کو محو کر کے آخرش اُنہوں نے پرم تتو (اصلی حقیقت و راز) کو معلوم کر ہی لیا۔ اور جب صداقت مِل گئی۔ تو پھر اُنہوں نے دعوے کے ساتھ کہا۔

"اے دُنیاوی لوگو! پاپ کی جلن سے اور زیادہ دُکھ مت پاؤ۔ جو طاقت تم پر رات دن کام کر رہی ہے۔ جو طاقت لمحہ بہ لمحہ تمہاری زندگیوں کو قایم رکھتی ہے۔ جس طاقت کے سمندر میں تم بُلبلوں کی طرح اِدھر سے اُدھر جا رہے ہو۔ جو غیر مبدّل طاقت تم پر کلّی طور سے حکومت کر رہی۔ اور جس کے برخلاف چل کر تم اُسکے خوفناک نتائج سے نہیں بچ سکتے۔ اپنے آپ کو پُورے طور پر اُسی طاقت کے حوالے کرو۔ وہ طاقت پاکیزگی کُل۔ پاکیزگی اور دھرم کو فتح دینے والی اور پاپ کے لئے سزا دینے والی ہے۔" بعض نے کہا۔ خوف مت کھاؤ۔ یہ طاقت مجسّم کُل ہے۔ یہ تمکو بھلائی کی طرف لے جائیگی۔ یہ بات بہت ٹھیک ہے کہ اندریوں سے پرے خواہ کوئی شکتی ہو۔ اگر وہ ہمارے دلوں میں داخل نہیں ہوا۔ خواہشات کے ہاتھ سے ہم اگر اُس کی حفاظت نہ کرے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اور جب ہمیں طاقت کی ضرورت ہو۔ اُس وقت اُس سے طاقت نہ ملے۔ تو ایسی طاقت کی چنتا اور دھیان کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ دُنیا کے مہاجنوں نے زور کے ساتھ کہا ہے "تم چنتا کرو۔ تم کو ضرور بضرور طاقت ملیگی"۔ بُدھ نے مرتے وقت اپنے شاگردوں سے کہا "تم آتم سنجم کر کے ترقی کرو۔ دھرم تمہاری حفاظت کریگا"۔ مسیح نے کہا۔ "دروازہ کھٹکھٹاؤ تمہارے لئے دروازہ کھلیگا"۔ یہ تمام کلام کس قدر اُمید سے پُر کلام ہیں۔ اب گویا ہم اِس نتیجے پر پہنچتے اور یہ صداقت بہت زور کے ساتھ ہمارے دماغ کے سامنے آجاتی ہے کہ اگر اُسی اِندریوں سے پرے طاقت کو اپنے دِل میں سب سے بڑھ کر جگہ دیکر زندگی کے کاروبار میں اُسکی پیروی کرنی ہو۔ تو پریم ہی اس راستہ میں سب سے بڑھکر مددگار ہے۔ پریم کی یہ بہت بڑی خوبی ہے۔ کہ یہ شخصیت کو قایم رکھتا اور ساتھ ہی آتم بلوپ (خودی کا تیاگ) پیدا کرتا ہے۔ جس فرمانبرداری میں پریم نہیں۔ اُسمیں رُوح کی غلامی اور موت ہے۔ جس فرمانبرداری کی تہ میں پریم موجود ہے۔ وہاں ہی رُوح کی آزادی اور زندگی ہے۔ پاک لوگ۔ سادھو لوگ جس آتم بلوپ کو چاہتے ہیں۔ وہ صرف پریم کے ذریعہ ہی ممکن ہے۔ اسی واسطے پریم جب اُس حواسوں سے پرے اعلےٰ ہستی یا طاقت کو پرم پُرش روپ میں حاصل کرتا ہے تب ہی گویا دھرم کا حقیقی سادھن شروع ہوتا ہے۔ پریم سے بھگتی پیدا ہوتی ہے بھگتی پریم کی اعلےٰ منزل ہے۔ اور اس اِنکساری اور بے کے بھاؤ کو صدقدلی سے ہمیشہ اپنے دِل میں رکھنا کہ میں اِس بِشو (کائنات) میں کچھ بھی نہیں۔ پربھو (مالک) نے مجھے طاقت عطا کی ہے۔ اسی واسطے مجھ کو طاقت ملی ہے۔ وہ جو کچھ دیتے ہیں وہی مجھ کو ملتا ہے۔ وہ جو کچھ مجھے بناتے ہیں۔ میں وہی بنتا ہوں۔ بھگتی کی پہلی سیڑھی ہے ایشور کو جاننے سے میرا گیان اور اُنکو پاکر میرا پریم سارتھک ہوتا ہے۔ اُنکے حکم کی پیروی اور اطاعت

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

میں میری طاقت کا پرکاش ہے۔ اس ست (صداقت) کو اپنے دل میں محسوس کرنا بھگتی کی دوسری سیڑھی ہے۔ گیان۔ پریم اور آنند کے ذریعہ اُنکے ساتھ ایک ہو کر اُنکے پریم میں آتم سمرپن کرنا اور اُنکے آدیش کے مطیع ہونا بھگتی کی تیسری سیڑھی ہے۔ بھگتی ہی وہ چشمہ ہے۔ کہ جہاں سے ہر ایک طرح کی پاکیزگی اور بھلائی کا سوت دل میں پھوٹ نکلتا ہے۔ بھگتی جب ہمارے دل میں مثل طاقت کے کام کرتی ہے۔ تو اُس سے پاکیزگی اور بھلائی کے کام پیدا ہوتے ہیں۔ اور وہ آنکھوں کی روشنی بن کر ہم کو روحانی تتوں (صداقتوں) کے دیکھنے کے لائق بنا دیتی اور نوع انسان کے لئے پریم کے جذبہ کو روشن کر کے اُنکی سیوا کے کام میں مصروف کر دیتی ہے۔ بھگتی ہی اُس پرم پُرش کو کہ جو ہماری زندگی کی زندگی ہیں۔ ہمارے پاس لا دیتی اور ہم کو اُنکے ساتھ ایک کر دیتی ہے بھگتی پاک دل میں ہی باس کرتی ہے۔ جس راستہ میں کلپنا کا گذر ہے۔ جہاں دل کی سنتھوتی کر لینے یا لوگوں کے دلوں کو خوش کرنیوالے دھرم کا دخل ہے اُس راستہ میں بھگتی کا گذر نہیں بھگتی اُس راستہ جاتی ہی نہیں۔ یہ فریب۔ دھوکے اور حکمت عملی سے زہر کی مانند پرہیز کرتی ہے۔ یہ کسی صورت میں بھی پاپ کے ساتھ میل پیدا کرنا نہیں جانتی۔ یہ ابھیمانی (رشک والی) استری کی طرح سادھک سے کہتی ہے۔ یا تو مجھ کو لو۔ یا دُنیاوی سُکھوں کو کیونکہ ہم دونو ایک ساتھ مل کر نہیں چل سکتے۔ اسی واسطے کہا گیا ہے۔ کہ "دھرم کے پیرو لاکھوں ملتے ہیں لیکن بھگت لاکھوں میں ایک ہی ہوتا ہے"۔ جبتک انسان اپنے خیال۔ کلام اور فعل میں سچا نہیں ہوتا تب تک اُسکے لئے بھگتی کے راج میں داخل ہونا تو درکنار رہا۔ وہ اُسکا دروازہ کھٹکھٹانے کا بھی مستحق نہیں بنتا۔

ناظرین! تم ان دونوں میں سے کس کو چاہتے ہو۔ ایشور بھگتی کو۔ یا دُنیاوی سُکھوں کو؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اگر اپنا رُوحانی بھلا چاہتے ہو

تو

منیجر براہمو دھرم پرچار آفس لاہور سے

مفصلۂ ذیل کتب منگا کر ضرور پڑھو

*

اُردو کُتب

براہمو سماج کے اصول اور اُنکی تشریح ..	۔/
ایشور کی مرضی	۱/
ایشور پریم اور پاکیزگی	۱/
پرارتھنا پُستک	۲/
روحانی گلدستہ حصّۂ اول . . .	۱/
" " حصّۂ دوم . . .	۰/
سچّی عبادت	۰/
سادھک منڈلی	۰/
سنگیت مالا	۴/
بشواسی بنے اُردو مع عکسی تصویر مصنّف	۴/
سوانح عمری مہاتما راجہ رام موہن رائے	عہ/
سوانح عمری کیشب چندر سین . .	۶/
بادھ دیوجی سوانح عمری حصہ اول	۴/
" " حصہ دوم	۸/
مطالعہ فطرت	۵/
کاشفِ الہام	۔/
تناسخ کی اصلیت	۰/
خدا محبت ہے یا قہر	۱/
مختصر سوانح عمری مہاتما راجہ رام موہن رائے	۔/
" " مہرشی دیویندر ناتھ ٹھاکر	۰/
" " شریمتی سُدامنی رائے	۔/
فرایض انسان ہر سہ حصہ مکمّل ..	۱۲/
شراب نوشی اور اُسکی خوفناک برائیاں	۔/
دھرم مارگ	۴/
براہمو دھرم کے بیاکھیان . .	عہ
راحت حقیقی	۲/

انگریزی کتب

ڈیوٹیز آف مین - (جوزف میزینی)	۶/
رَوے لیشن	۔/
ٹروورشپ	۰/
گاسپل آف بُدّھ	عہ/ ۸/
انگلش ورکس آف راجہ رام موہن رائے	عہ/
ہندو دھرم ازم مصنفہ سیتا ناتھ دت تت بھوشن	عہ/
ویدانت لکچرز۔ "	عہ/ ۴/
اُپنشد سنسکرت معہ ترجمہ انگریزی پہلا حصہ مجلد	عہ/ ۱۲/

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

تھی ازم دی ریلجن آف کامن سنس از چارلس والسی ۶ر
سرمن آف مہرشی دیوندر ناتھ ٹھاکر . . . ۳ر
لائف آف بدھ۔ انگلش . . . ۸ر
تھیالوجیکل ایسیز از مہاتما کیشب چندر سین
حصہ اول و دوم ۸ عہ
کیشب چندر سینز لیکچرس ان انڈیا حصہ اول ۴ے
" " " حصہ دوم ۸ عہ
" " ان انگلینڈ . . ۴ے
نیو سنگھتا ۱۲ر
میٹیریل ازم اینڈ اتھیزم ریفیوٹڈ از
جیمس فریمن کلارک مشنری یونیٹیرین
چرچ (خدا کی ہستی کا ثبوت اور الحاد
و دہریہ پن کی تردید) ۳ر
اورینٹل کرائیسٹ مصنفہ بابو پرتاب چندر موزمدار ۴ے
سپرٹ آف گاڈ . . " . . ۱۰ر
ہارٹ بیٹس . . . . " . . ۴ے
سائی لینٹ پاسٹر . . . " . . ۱۲ عہ
فیوچر آف دی براہمو سماج ۲ر

ہندی کتب

سُکھی پریوار ۱ر
مہرشی دیوندر ناتھ ٹیگور جی کا مختصر جیون چرتر ۰ر
بشواسی بنے ۲ر
براہمو دھرم کے سیاکھیان ۸ عہ
براہمو دھرم گرنتھ حصہ اول و دوم ۸ عہ
براہمو سنگیت ۳ر
پچھمن بنے ۱ر
براہمو دھرم ۴ر
دھروشیک پرشن اُتر ۱ر
تت بوڈھ۔ مصنفہ بابو نوین چندر رائے ۸ر

تصاویر کارڈ سائز

مہاتما راجہ رام موہن رائے۔ مہرشی
دیوندر ناتھ ٹھاکر۔ مہاتما کیشب چندر سین
(دو قسم۔ ایک پوجا میں بیٹھے۔ ایک پوشاک
میں) مانیہ برہمائی سندر سنگھ جی۔
بھائی چتر سنگھ جی . . . ہر ایک ۴ر

تصاویر کیبنٹ

پنڈت شیو ناتھ شاستری جی ایم اے
بابو پرتاب چندر موزمدار جی۔ شردھے
پرکاش دیو جی ۸ر

تصاویر لیتھو (۱۶ × ۱۲)

مہاتما راجہ رام موہن رائے۔ مہرشی
دیوندر ناتھ ٹیگور۔ کیشب چندر سین۔ فی عدد ۴
پنڈت شیو ناتھ شاستری جی ایم اے۔ ۸×۱۰ ۳ر

اُتسب کا دِن . . . اُردو . . . —ر
زندگی کا مقصد کیا ہے؟ . . . —ر

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

Entered in Database

Signature with Date

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

Haridwar